رول نمبر ــــــــــــــــــــ (امیدوار خود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2018-2020)

اردو (لازمی)　　219 - (انٹر پارٹ-I)　　وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : 1 (معروضی طرز)　　LHR.G2.11.19　PAPER CODE = 6024　　کل نمبر : 20

(دوسرا گروپ)

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1	ردیف کی نشاندہی کیجیے ' اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا　رنج راحت فزا نہیں ہوتا ' :	(A) اثر	(B) اس کو	(C) راحت فزا	(D) نہیں ہوتا
2	قافیہ آتا ہے:	(A) شعر کے درمیان میں	(B) ردیف کے بعد	(C) شعر کے شروع میں	(D) ردیف سے پہلے
3	رات میں نے خواب ـــــ :	(A) دیکھا	(B) دیکھی	(C) دیکھیں	(D) دیکھے
4	گُل کو ہوتا صبا قرار اے کاش! میں "اے کاش!" ہے:	(A) مطلع	(B) مقطع	(C) ردیف	(D) قافیہ
5	اُردو ڈائجسٹ چھپ ـــــ ہے :	(A) گئی	(B) گئیں	(C) گئے	(D) گیا
6	مقطع کی اصل پہچان ہے:	(A) تخلص	(B) قافیہ	(C) ردیف	(D) غیر مردف
7	بانگِ درا کس ـــــ تصنیف ہے :	(A) کا	(B) کی	(C) کے	(D) کیں
8	میں نے آج اخبار نہیں ـــــ :	(A) پڑھا	(B) پڑھی	(C) پڑھے	(D) پڑھیں

(ورق الٹیے)

ParhloPakistan.com

 LHR.G1.11.19

9_1	غزل میں قافیہ آ سکتا ہے:	(A) ردیف کے بغیر	(B) مطلع کے بغیر	(C) مقطع کے علاوہ	(D) ان میں سے کوئی نہیں
10	اُسے اُردو نہیں ـــــ :	(A) آتی	(B) آتا	(C) آتا ہے	(D) آتیں
11	"بزم عدو میں صورت پروانہ دل میرا" مشبہ کی نشاندہی کیجیے:	(A) دل	(B) بزم	(C) پروانہ	(D) صورت
12	فضل الباری کون تھے:	(A) وزیر تعلیم	(B) وزیر خزانہ	(C) وزیر خارجہ	(D) وزیر صحت
13	ادات تشبیہ کہتے ہیں:	(A) طرفین تشبیہ کو	(B) حروف تشبیہ کو	(C) مشبہ کو	(D) غرض تشبیہ کو
14	قرطبہ کی شاہی لائبریری میں کتابیں تھیں:	(A) دو لاکھ سے زائد	(B) دو لاکھ	(C) تین لاکھ سے زائد	(D) ڈیڑھ لاکھ
15	استعارہ ہے:	(A) میرا چاند	(B) شیر کی طرح بہادر	(C) گلاب جیسا	(D) کوہ کن
16	اچھن کا باپ روزانہ بیڑیاں پیتا تھا:	(A) دو	(B) چار	(C) چھ	(D) آٹھ
17	جس سے کسی کو تشبیہ دی جائے، کہلاتی ہے:	(A) مشبہ بہ	(B) مشبہ	(C) وجہ شبہ	(D) حرف تشبیہ
18	کہاں کا تھانیدار مونڈھا بچھا کر سڑک پر بیٹھتا تھا:	(A) موچی دروازے کا	(B) جہانگیر آباد کا	(C) میرٹھ کا	(D) لاہوری دروازے کا
19	"تختِ سلیمان" ہے:	(A) استعارہ	(B) مشبہ	(C) تشبیہ	(D) تلمیح
20	سرسید کے مطالعے کا مقصد ہوتا تھا:	(A) عبارت سے دل بہلانا	(B) عبارت سے لطف اٹھانا	(C) مصنف کے خیالات سے واقفیت	(D) تفریح طبع

ParhloPakistan.com

رول نمبر ....(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2018-2020)

اردو (لازمی) — 219 - (انٹر پارٹ۔I) — وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : I (انشائیہ طرز) — (دوسرا گروپ) — کل نمبر : 80

LHR-G2-11.19

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 8,1,1

بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں حق عیاں ہو جائے گا ، باطل نہاں ہو جائے گا
ان کواکب کے عوض، ہوں گے نئے انجم طلوع ان دنوں رخشندہ تر ، یہ آسماں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 9,1

عدم کے کوچ کی لازم ہے فکر ، ہستی میں نہ کوئی شہر ، نہ کوئی دیار ، راہ میں ہے
نہ بدرقہ ہے ، نہ کوئی رفیق ساتھ اپنے فقط عنایتِ پروردگار ، راہ میں ہے
سفر ہے شرط ، مسافر نواز بہتیرے ہزار ہا شجرِ سایہ دار ، راہ میں ہے

(حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے : 10,3,1,1

(الف) نوجوان سِلک کے گلوبند کو کچھ اس ڈھب سے گلے پر لپیٹے رکھتا تھا کہ اس کا سارا سینہ چھپا رہتا تھا۔ اس کے جسم پر مَیل کی تہیں بھی خوب چڑھی ہوئی تھیں۔ ظاہر ہوتا تھا کہ وہ کم سے کم پچھلے دو مہینے سے نہیں نہایا۔ البتہ گردن خوب صاف تھی اور اس پر ہلکا ہلکا پوڈر لگا ہوا تھا۔ سویٹر اور بنیان کے بعد پتلون کی باری آئی۔ پتلون کو پیٹی کے بجائے ایک پرانی دھجی سے جو شاید کبھی نکٹائی ہو گی خوب کس کے باندھا گیا تھا۔

(ورق الٹئے)

ParhloPakistan.com

3۔ (ب) جولائی سے مینہ شروع ہوا۔ شہر میں سیکڑوں مکان گرے اور مینہ کی نئی صورت، دن رات میں دو چار بار برسے اور ہر بار اس زور سے کہ ندی نالے بہ نکلیں۔ بالاخانے کا جو دالان میرے اُٹھنے، بیٹھنے ، سونے جاگنے ، جینے مرنے کا محل ہے، اگرچہ گِرا نہیں لیکن چھت چھلنی ہو گئی۔ کہیں لگن، کہیں چلمچی، کہیں اُگالدان رکھ دیا۔ قلمدان، کتابیں اُٹھا کر توشے خانے کی کوٹھڑی میں رکھ دیے۔ مالک مرمت کی طرف متوجہ نہیں۔ کشتیِ نوح میں تین مہینے رہنے کا اتفاق ہوا۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے: (الف) اپنی مدد آپ ۔ (ب) اوورکوٹ ۔ 9,1

5۔ علامہ اقبالؒ کی نظم " خطاب بہ جوانانِ اسلام " کا خلاصہ تحریر کیجیے ۔ 5

6۔ دو دوستوں کے درمیان انٹرنیٹ کے فوائد اور نقصانات پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

کالج میں منعقدہ مقابلہ حسنِ نعت کی روداد قلمبند کیجیے۔

7۔ پرنسپل کے نام کریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست تحریر کیجیے ۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے : 8,2

کفایت شعاری نام ہے اعتدال کی روش کا یعنی چادر کے مطابق پاؤں پھیلائے جائیں بلکہ چادر کو زیادہ پھیلایا جائے اور پاؤں کم، اسی میں سہولت اور راحت ہے۔ جو انسان اخراجات کے سلسلے میں حد سے بڑھتا ہے وہ خود کو انسانیت کے اعلا مقام سے گرا لیتا ہے کیوں کہ قرآن پاک میں واضح ارشاد ہے کہ فضول خرچ لوگ شیطان کے بھائی ہیں۔ اللہ تعالیٰ زندگی کی نعمتوں سے لطف اندوز ہونے سے منع نہیں کرتا بلکہ تلقین یہ ہے کہ کھاؤ پیو مگر حد سے تجاوز نہ کرو۔ اب یہ ہمارے اپنے بس میں ہے کہ ہم مالی استطاعت ہونے کے باوجود خود کو قابو میں رکھتے ہیں یا بے قابو ہو کر شیطان کے بھائی بنتے ہیں۔

ParhloPakistan.com